2017年12月3日ジャング紙ラーワルピンディー版

1面

جشن میلادالنبیؐ منایا گیا، راولپنڈی، اسلام آباد میں جلوس

عاشقان رسول نے میلاد کیمپ لگا رکھے تھے، مختلف مقامات پر لنگر اور سبیلوں کا اہتمام

راولپنڈی، اسلام آباد (سٹاف رپورٹر، وقائع نگار، نمائندہ جنگ، نیوز رپورٹر) ملک بھر میں جمعہ کو جشن میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و جذبہ اور عقیدت واحترام سے منایا گیا۔ اس موقع پر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 31 جبکہ مظفر آباد سمیت تمام صوبائی دارالحکومتوں میں 21،21 توپوں کی سلامی دی گئی۔ اسلام آباد کی سرکاری و نجی عمارتوں پر چراغاں کیا گیا تھا۔ اسلام آباد میں بھی عید میلاد النبی ﷺ کا جلوس روایتی جوش وخروش سے نکالا گیا جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی، ستارہ مارکیٹ کرکٹ گراؤنڈ سے شروع ہونے والے جلوس کا اختتام آبپارہ مارکیٹ کے قریب سخی محمود بادشاہ کے مزار پر ہوا، جہاں جلسہ کا اہتمام کیا گیا تھا، جلوس کی حفاظت کے لئے اسلام آباد پولیس نے خصوصی انتظامات کئے تھے۔ راولپنڈی میں مرکزی جلوس کا افتتاح مرکزی جامع مسجد سے ہوا۔ آستانہ عالیہ عید گاہ شریف کے سجادہ نشین پیر نقیب الرحمن، مرکزی سیرت و میلاد کمیٹی راولپنڈی کے صدر ندیم شیخ و دیگر نے شرکت کی۔ جلوس کے راستے میں عاشقان رسول نے میلاد کیمپ لگا رکھے تھے جن پر پورا دن نعت خوانی ہوتی رہی جبکہ مختلف مقامات پر لنگر اور سبیلوں کا اہتمام کیا گیا تھا، جلوس جامع مسجد سے ہوتا ہوا شاہ نذر پل، بنی چوک سے مری روڈ پر پہنچا جہاں سے کمیٹی چوک سے گزرتا ہوا اقبال روڈ سے فوارہ چوک پہنچا اور رات گئے جامع مسجد روڈ پر اختتام پذیر ہوا، مرکزی جلوس میں تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کی وحدت و اخوت کمیٹی کے وفد نے بھی شرکت کی۔ مرکزی میلاد کمیٹی لبیک یارسول اللہ کے زیر اہتمام عید میلاد النبی کے جلوس کا آغاز جامع مسجد شاہ ہمدان سے ہوا، جلوس میں میئر سردار نسیم، ایم این اے ملک ابرار ملک افتخار، راجہ راشد حفیظ، راجہ حنیف، راجہ ارشد، وقار ڈار، محمد الماس عباسی اور ڈاکٹر شفیع قادری نے شرکت کی۔ جلوس کا اختتام ائیرپورٹ روڈ تابش ہاؤس پر ہوا۔ اسلام آباد میں بھی جشن میلاد النبی ﷺ منایا گیا۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی پانچ سو سے زائد میلاد کمیٹیوں، تین سو سے زائد مساجد کی انتظامیہ کمیٹیوں اور ڈھائی سو سیرت کمیٹیوں کے سینکڑوں جلوس مرکزی اجتماع پولیس گراؤنڈ مرکز جی سیون میں جمع ہوئے۔ جہاں پر جلوس کے افتتاح سے قبل کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت خواجہ پیر محمد بدیع عالم جان المعروف میاں گل، سجادہ نشین مرشد آباد شریف پشاور نے کی۔ کانفرنس سے پیر سید محمد علی واسطی، علامہ پیر قاری عبید الرحمٰن ستی، علامہ ڈاکٹر مفتی میاں عبدالقادر سکندری، چوہدری محمد یٰسین، جہانگیر شاہ سعیدی، پیر غلام ربانی اختر القادری، علامہ مفتی گلزار احمد نعیمی، مولانا ابوالفضل عبدالغنی نقشبندی، علامہ سید امتیاز حسین شاہ کاظمی، مفتی محمد نذیر کھوکھر، مولانا قاری املاک حسین چشتی، علامہ سلطان امیر چشتی، صاحبزادہ حسیب احمد نظیری، مولانا محمد عارف نقشبندی، صاحبزادہ محمد یاسر جیلانی نے خطاب کیا۔ جلوس پولیس گراؤنڈ جی سیون مرکز سے ہوتا ہوا ستارہ مارکیٹ، گول مارکیٹ، مرکزی جامع مسجد الحبیب، لال کوارٹر امام بارگاہ جی سکس ٹو، اڈی، لال مسجد آبپارہ سے ہوتا ہوا دربار حضرت سید سخی محمود بادشاہ پر پہنچا۔ اس موقع پر علامہ پروفیسر ڈاکٹر محمد ظفر اقبال جلالی، مولانہ محمد اسلم ضیائی، قاری عبدالعزیز قادری نے خطاب کیا۔